02اکتوبر2026

ریگولیٹری سینڈ باکس۔دوسرا گروپ

بینک دولت پاکستان(ایس بی پی) کے لیے ریگولیٹری سینڈ باکس کے دوسرے گروپ کا اعلان کرنا مسرت کا باعث ہے۔اس کے ذریعے درخواست گزاروں کو اپنی جدت پسند مالی خدمات (solutions)کو عملی طور پر جانچنے کا موقع ملے گا، جبکہ اسٹیٹ بینک کو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے تقاضوں کے مطابق ضوابطی ماحول کو مزید بہتر اور جدید بنانے میں مدد ملے گی۔

اسٹیٹ بینک کے وژن 2028 کے مطابق اسٹیٹ بینک نے اگست 2025 میں ریگولیٹری سینڈ باکس متعارف کرایا تھا،اور جون 2026 میں اس کے پہلے مرحلے کو کامیابی سے مکمل کیا گیا۔دوسرے گروپ کے اعلان کے ساتھ اسٹیٹ بینک ڈجیٹل مالی خدمات کے معاون نظام(ecosystem)میں ذمہ دارانہ جدت طرازی کو فروغ دینے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، جبکہ صارفین کے تحفظ اور مالی استحکام کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔دوسرے گروپ کے لیے اسٹیٹ بینک ایسی درخواستوں پر غور کرے گا جن میں درج ذیل موضوعات مرتکزuse-casesکا احاطہ کریں گے:

1. مالی خدمات میں اے آئی
2. ادائیگیوں میں جدت طرازی
3. ٹیکنالوجی کی حامل ترسیلات زر کی آمد
4. کھلا موضوع۔اگلی نسل کی مالی خدمات

دوسرے گروپ میں شرکت کے لیے درخواستیں 30نومبر2026تک ای میل کے ذریعے regulatory.sandbox@sbp.org.pkپر بھیجی جاسکتی ہیں۔اس میں دلچسپی رکھنے والے افراد اور مذکورہ موضوعات پر جدت پسند مالی خدمات(solutions)کی حامل فرموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس کے لیے درخواست دیں۔ صرف وہی تجاویز زیرِ غور لائی جائیں گی جو مذکورہ موضوعات کے دائرہ کار میں شامل ہوں۔

ریگولیٹری سینڈ باکس میں شرکت کے لیے درخواست فارم کے ساتھ قدم بہ قدم طریقہ کار کو ان رہنما اصولوں میں دیا گیا ہے جو اس لنک پر دستیاب ہیں: https://www.sbp.org.pk/assets/document/RegulatorySandboxGuidlines.pdf

ان موضوعات کا مختصر عمومی جائزہ اس لنک پر دستیاب ہے:- https://www.sbp.org.pk/assets/document/RSB_2_-_Themes_Brief.pdf.

ریگولیٹری سینڈ باکس کے متعلق کسی بھی قسم کے سوالات کے لیے براہ مہربانی ہمیں اس ایڈریس پر ای میل کیجیے: regulatory.sandbox@sbp.org.pk

****